18-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر موودی آج، برازیل کے شہر **Rio De Janeiro** میں، جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وہ کانفرنس سے الگ، عالمی رہنماؤں کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔

2 جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے، اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

3 دلی کے ٹرانسپورٹ وزیر کیلاش گہلوت نے عام آدمی پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

4 دلی این سی آر میں ہوا کی کوالٹی ابتر ہوجانے کی وجہ سے آلودگی کی روک تھام کے سخت تر قدم کے طور پر **GRAP-4** نافذ کردیا گیا ہے۔

5 حزب اللہ کا میڈیا سربراہ محمد عفیف، بیروت میں اسرائیلی فضائی حملے میں ہلاک ہوگیا۔

6 اور کرکٹ میں بھارت کے ٹیسٹ کیپٹن روہت شرما، **Border Gavaskar** ٹرافی کا پہلا میچ نہیں کھیل سکیں گے، جو **Perth** میں آسٹریلیا کے خلاف 22 نومبر کو شروع ہورہا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev-PM-G20

وزیر اعظم نریندر موودی آج، برازیل کے شہر **Rio De Janeiro** میں، جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ امید ہے کہ وہ کانفرنس سے الگ، عالمی رہنماؤں کے ساتھ بھی الگ الگ بات چیت کریں گے۔ جناب مودی، امریکی صدر جوبائیڈن اور چین کے صدر شی چنپنگ، اُن رہنماؤں میں شامل ہیں جو آج اور کَل **Rio De Janeiro** میں، جی ٹوئنٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

وزیراعظم مودی، تین ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں آج صبح برازیل پہنچے ہیں۔

کانفرنس کے دوران وزیراعظم مودی، مختلف عالمی معاملات پر بھارت کا موقف پیش کریں گے اور ”جی ٹوئنٹی بھارت“ کے رہنماؤں کے اعلامیے کے نتائج پر اظہار خیال کریں گے، نیز وہ حالیہ برسوں میں عالمی جنوب سربراہ کانفرنسوں کی آواز اٹھائے جانے کے سلسلے میں اظہار خیال کریں گے، جن کی میزبانی بھارت نے کی تھی۔

اِس سال کی جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس کا موضوع ہے: ”ایک منصفانہ دنیا کی تعمیر اور ایک پائیدار کرہئ ارض۔“ اِس کانفرنس میں برازیل سب کی شمولیت والے سماج، غربت، پائیدار ترقی اور حکمرانی کے عالمی اداروں کی اصلاح کے معاملات کو ترجیحی طور پر پیش کرے گا۔

## PM Indian Diaspora

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے، تن آسانی کے دائرے سے باہر آکر، ترقی کے مقصد سے اختراع اور تخلیق کے نئے راستوں کو اپنایا ہے، جو اِس کی شناخت کی علامت بن گئے ہیں۔

کَل نائیجریا کی راجدانی ابوجا میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے ایک نئے سفر کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد، ایک وِکست بھارت کی تعمیر ہے۔

## 0815-PM MODI COMGORT ZONE

جناب مودی نے اپنی حکومت کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے پچھلی دہائی میں اپنی GDP میں دوٹریلین امریکی ڈالر کا اضافہ کیا ہے۔

## 0815-PM MODI ON ECONOMY

وزیراعظم نے کہاکہ بھارت، ترقی، امن، خوشحالی اور جمہوریت کو ٹھوس شکل دیتے ہوئے دنیا کی ایک نئی امید کے طور پر ابھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں جہاں کہیں کوئی چیلنج سامنے آتا ہے بھارت مدد دیتے ہوئے، ایک وِشوبندو کے طور پر کام کرتے ہوئے یا ایک عالمی دوست کے طور پر قدم بڑھانے والے پہلے ملک کے طور اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ کووڈ انیس وبا کی افراتفری کے دوران جب دنیا کے ملکوں کو، ویکسین کی قلت کا سامنا تھا تو بھارت نے، جتنے بھی ملکوں کو ممکن تھا ویکسین فراہم کرنے کی پہل کی۔

## Maharashtra Campaigning

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کی چناوٴ مہم کا آج آخری دن ہے۔ مختلف پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کی تمام تر کوششیں کر رہے ہیں۔ ریاست میں 20 نومبر کو پولنگ ہوگی اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## V/C Prarthana

توقع ہے کہ مرکزی وزیر اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے رہنما امت شاہ آج نوی ممبئی میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری گونڈیا اور ناگپور میں چناوٴ مہم انجام دیں گے۔ BJPصدر جے پی نڈّا، تھانے، سولاپور، اور احمد نگر میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

دوسری جانب کانگریس رہنما راہل گاندھی آج ممبئی میں میڈیا افراد سے خطاب کریں گے۔ NCP (SP)سربراہ شرد پوار پُنے اور احمد نگر میں MVA امیدواروں کے حق میں چناوٴ مہم انجام دیں گے جبکہ NCP (SP) سُپریا سُلے سولاپور اور پُنے میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گی۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......................

## Nandgaon Constitution Profile

انتخابی حلقوں کی تفصیلات کے سلسلے میں آج ہم مہاراشٹر کے نندگاؤں اسمبلی حلقے کا ذکر کررہے ہیں، جہاں آئندہ اسمبلی انتخابات میں سابقہ اتحادیوں کے درمیان کانٹے کا مقابلہ ہے۔

ایک رپورٹ

V/C- Ankita Apte

ننداگاؤں اسمبلی حلقہ، ناسک ضلعے کے 15 اسمبلی حلقوں میں سے ایک ہے اور یہ ڈِنڈوری لوک سبھا حلقے میں آتا ہے۔ 1962 میں جب سے یہ قائم ہوا ہے، کانگریس، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا، شیو سینا اورNCP سمیت بہت سی پارٹیوں کے رہنماؤں کو اس حلقے سے چنا جاتا رہا ہے۔ 2009 اور 2014 کے درمیان انتخاب میں اِن سیٹ سے NCP لیڈر چھگن بھجبل کے بیٹے پنکج بھجبل کو چنا گیا تھا۔ پچھلے انتخاب میں شیو سینا کے سُہاس کانڈے نے پنکج بھجبل کو تقریباً 14 ہزار ووٹوں سے ہرایا تھا۔ اِس بار اِس حلقے میں موجودہ ایم ایل اے سہاس کانڈے، شیوسینا UBTکے گنیش دھاترک اور سابق ناسک ایم پی سمیر بھجبل کے درمیان مقابلہ ہے۔ اِس حلقے میں 3لاکھ 40 ہزار رائے دہندگان ہیں۔

ممبئی سے انکتا آپتے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں-----

Rev. Final Jharkhand EC

انتخابی کمیشن نے جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے لیے چناؤ مہم ختم ہونے کے بعد سبھی پرائیویٹ گاڑیوں پر بینرس اور پوسٹرس کے استعمال پر پابندی عائد کردی ہے۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے۔روی کمار نے ضلع حکام سے انتخابی کمیشن کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے کہا ہے۔

انھوں نے کہا ہے کہ 14 ہزار 218 پولنگ مراکز میں سے 31 بوتھوں پر چناؤ مہم آج شام چار بجے جبکہ باقی ماندہ بوتھوں پر شام پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔

S/B- K-Ravi Kumar, Jharkhand CEO

اس سلسلے میں مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C- K K Lal

جھارکھنڈ میں زور شور سے جاری انتخابی مہم آج ختم ہوجائے گی۔ سیاسی پارٹیاں، ریاست کے دوسرے اور آخری مرحلے کے اسمبلی انتخابات میں Santhal اور Koyalanchal خطوں کے 38 حلقوں میں ووٹروں کو راغب کرنے کی اپنی تمام تر کوششیں کریں گی۔ اِس مرحلے میں مختلف مشہور سیٹوں پر چناؤ ہوگا جس میں دُمکا، Shikaripada، دیوگھر اور Litipara شامل ہیں۔

انتخابی مہم کے آخری دن JMM کے سینئر رہنما اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین، صاحب گنج، Godda، دُمکا،، دیوگھر اور رانچی میں انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے، جبکہ BJP رہنما اور اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ صاحب گنج، Jamtara، دیوگھر میں ووٹروں کو راغب کرنے کی کوشش کریں گے۔ ریاستی BJP صدر بابو لال مرانڈی Borio حلقوں میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔

مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان Barhait، دھنباد اور بوکارو میں روڈ شو کریں گے اور انتخابی ریلیاں کریں گے۔ RJD کے سینئر رہنما تیجسوی یادو I.N.D.I.A بلاک کے حق میں جبکہ AJSU صدر سُدیش کمار مہتو NDA اتحاد کے حق میں چناؤ مہم انجام دیں گے۔

رانچی سے KK Lal کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

Rev Gahlot Resignation

دلّی کے وزیر اور عام آدمی پارٹی کے لیڈر کیلاش گہلوت نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجریوال کو بھیجے گئے اپنے استعفے میں جناب گہلوت نے کہا ہے کہ پارٹی کو سنگین چیلنجوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا ہے کہ سیاسی خواہشات، عوام سے کئے گئے، پارٹی کے وعدوں پر غالب آگئیں جس کی وجہ سے بہت سے وعدے پورے نہیں ہوئے۔اِسی دوران، دلّی BJP کے سربراہ وریندر سچدیوا نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، عام آدمی پارٹی کے رہنما کے استعفے کو ایک حوصلہ مند قدم قرار دیا ہے۔

**S/B- Virendra Sachdeva**

**Rev- DD DG Passed Away**

بھارت کی اطلاعاتی سروس کے سینئر افسر اور سابق صدر جمہوریہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے پریس سکریٹری ایس ایم خان کا انتقال ہوگیا ہے۔ وہ 67 سال کے تھے۔ وہ کچھ عرصے سے نئی دلی کے ایک نجی اسپتال میں زیر علاج تھے۔ایس ایم خان نے ڈی ڈی نیوز کے ڈائریکٹر جنرل کے عہدے کے علاوہ پریس انفارمیشن بیورو، آر این آئی اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے مختلف میڈیا اداروں کے ساتھ ساتھ مرکزی تفتیشی بیورو میں بھی خدمات انجام دی تھیں۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Delhi Grap-4**

ہوا کی کوالٹی کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے، دلی این سی آر میں آج صبح آٹھ بجے سے بتدریج کارروائی کا طریق کار GRAP-4 نافذ کردیا ہے۔

یہ قدم خطے میں ہوا کی کوالٹی کے، خراب ہوکر شدید زمرے میں آجانے کی وجہ سے اٹھایا گیا ہے۔ GRAP-4 چار کے تحت دیگر ریاستوں سے آنے والی بڑی گاڑیوں کا داخلہ، دلّی میں نہیں ہوسکے گا۔ البتہ لازمی سامان لے جانے والے اور لازمی خدمات فراہم کرنے والے ٹرکوں کو دلّی میں آنے کی اجازت ہوگی۔ CNG الیکٹرک اور BS-VI والے ڈیزل ٹرکوں کو بھی، دلّی میں داخل ہونے کی اجازت ہوگی۔

دلی سرکار نے دسویں اور بارہویں کلاس کو چھوڑ کر سبھی طلبا کیلئے اسکول جاکر پڑھائی کرنے کو معطل کردیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دلی کی وزیراعلیٰ آتشی نے بتایا کہ سبھی اسکول، مزید احکامات جاری ہونے تک آن لائن کلاسز لیں گے۔

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیاتIMD نے اگلے چار روز کے دوران شمال مغربی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں کم از کم درجہ حرارت میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس تک کی کمی آنے کی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے بتایا ہے کہ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، شمالی راجستھان، شمالی اترپردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، مغربی آسام، میگھالیہ اور بہار میں آج دور دراز کے علاقوں میں بہت گھنا کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسی نے آج تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے میں گرج چمک اور بجلی کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

**Israel Hezbullah**

وسطی بیروت میں، شام کی بعث پارٹی کے دفتر کو نشانہ بنا کر کئے گئے اسرائیلی فضائی حملے میں، حزب اللہ کا میڈیا سربراہ محمد عفیف اور تین دیگر افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ اسرائیل کے جنگی جہازوں نے اِس دفتر پر فضا سے زمین پر وار کرنے والے دو میزائلوں سے حملہ کیا تھا۔ اِس سے پہلے بعث پارٹی کو اسرائیل فوج کی طرف سے ایک کال موصول ہوئی تھی، جس میں اُس عمارت کو خالی کرنے کیلئے کہا گیا تھا، جس میں پارٹی کا دفتر تھا۔ اِس عمارت کے زیادہ تر حصے کل اِس حملے میں تباہ  ہوگئے۔

اسرائیلی فوج، 23 ستمبر سے، حزب اللہ کے ساتھ تنازعے کے جواب میں لبنان پر فضائی حملے کرتی رہی ہے۔

**SL Swearing in Ceremnoy**

سری لنکا میں حکومت کی نئی کابینہ کی حلف برداری کی تقریب آج صدر انورا کمارا دِسا نائیکے کی موجودگی میں صدارتی سیکریٹیریٹ میں منعقد کی جائے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Ahmed Mueen Farooqui**

حال ہی میں ہوئے پارلیمانی انتخابات میں زبردست کامیابی حاصل کرنے کے بعد صدر انوار کمارا دِسانائیکے ایک 23 رکنی کابینہ تشکیل دیں گے۔ دفاع اور خزانے کی اہم وزارتیں ان کے پاس رہیں گی۔ سری لنکا کے آئین کے مطابق کابینہ میں زیادہ سے زیادہ وزراء کی تعداد 30 ہوسکتی ہے۔ رپورٹس کے مطابق ڈاکٹر Harini Amarasuriya دوبارہ وزیراعظم بنائے جائیں گے، جبکہ وزیر خارجہ کا عہدہ Vijitha Herath کے پاس ہی رہے گا۔

دسویں پارلیمنٹ کا پہلا جلاس 21 نومبر کو ہوگا، جس میں این پی پی کے پہلی بار منتخب ہونے والے ارکان بھی شامل ہوں گے۔ حکمراں نیشنل پیپلز پاور اتحاد نے حالیہ پارلیمانی انتخابات میں 225 میں سے 159 سیٹیں جیت کر زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔

کولمبو سے احمد معین فاروقی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامہ کیلئے میں...

**BGT 2024**

بھارت کے ٹیسٹ میچ کے کپتان روہت شرما آسٹریلیا کے خلاف بارڈر- گواسکر ٹرافی کا پہلا میچ نہیں کھیل سکیں گے، جو 22 نومبر کو پرتھ میں کھیلا جائے گا۔ اُن کی غیر موجودگی میں نائب کپتان جسپریت بُمرا ٹیم کی قیادت کریں گے۔ بُمرا نے 2021-22 کے انگلینڈ دورے کے دوران تب، ایک ٹیسٹ میچ میں کپتان کے فرائض انجام دیے تھے، جب روہت شرما کووڈ 19 انفیکشن کی وجہ سے پانچواں ٹیسٹ نہیں کھیل سکے تھے۔

یہ تھی خبریں

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: کونین حیدر

شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کو اُن کے دورے کے دوران نائیجریا کے اعلیٰ ترین ایوارڈ " Grand Commander of the Order of the Niger" سے نوازے جانے کی خبر کو پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: ''وزیراعظم مودی کا نائیجریا میں شاندار استقبال، ملک کے باوقار ایوارڈ سے سرفراز۔''

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے بھارت کے ہائپر سونک میزائل کے تجربے سے متعلق خبر کو پہلی سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ ''بھارت نے تاریخ رقم کی، ہائپر سونک میزائل کا کامیاب تجربہ کیا۔'' اسی خبر کو پرتاپ اور دیگر اخباروں نے بھی اہمیت کے ساتھ پیش کیا ہے۔

راشٹریہ سہارا کی ایک اور اہم سرخی ہے: دلّی میں آلودگی کی سطح نہایت خطرناک، گریپ4 کے تحت پابندیاں آج سے نافذ۔

روزنامہ پرتاپ نے دلی میں جاری بین الاقوامی تجارتی میلے سے متعلق خبر کو اپنے پہلے صفحے پر پیش کرتے ہوئے یہ سرخی لگائی ہے کہ اس میلے میں کھادی پویلین، لوگوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔

دلّی کے وزیر کیلاش گہلوت کے عہدے اور پارٹی سے استعفیٰ دینے کی خبرکو بھی پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخبارات نے پیش کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور دیگر اخبارات میں یہ خبر بھی نمایاں ہے کہ اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کے گھر پر ایک بار پھر حملہ ہوا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر موودی آج، برازیل کے شہر Rio De Janeiro میں، جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وہ کانفرنس سے الگ، عالمی رہنماؤں کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔

2 جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے، اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

3 دلی کے ٹرانسپورٹ وزیر کیلاش گہلوت نے عام آدمی پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

4 دلی این سی آر میں ہوا کی کوالٹی ابتر ہوجانے کی وجہ سے آلودگی کی روک تھام کے سخت تر قدم کے طور پر GRAP-4 نافذ کردیا گیا ہے۔

5 حزب اللہ کا میڈیا سربراہ محمد عفیف، بیروت میں اسرائیلی فضائی حملے میں ہلاک ہوگیا۔

6 اور کرکٹ میں بھارت کے ٹیسٹ کپتان روہت شرما، Border Gavaskar ٹرافی کا پہلا میچ نہیں کھیل سکیں گے، جو Perth میں آسٹریلیا کے خلاف 22 نومبر کو شروع ہورہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------